© rasailojaraid.com

# تبصرے

مقدمۂ تفسیر نظام القرآن ضخامت ۶۰ صفحات قیمت ۱۲/
(۲) اقسام القرآن ضخامت ۱۴۰ صفحات قیمت عہ/
(۳) ذبیح کون ہے؟ ضخامت ۱۰۸ صفحات قیمت عہ/
(۴) سورۂ ذاریات کی تفسیر ضخامت ۱۴۰ صفحات قیمت عہ/
(۵) تفسیر بسم اللہ و سورۂ فاتحہ ضخامت ۸۴ صفحات قیمت ۶/

تقطیع خورد کتابت وطباعت بہتر تالیف مولانا حمید الدین فراہیؒ ترجمہ مولانا امین احسن اصلاحی پتہ:- دائرۂ حمیدیہ مدرسۃ الاصلاح سرائے میر اعظم گڈھ

مولانا حمید الدین فراہی عہد حاضر کے اعاظم علماء میں سے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے فہم قرآن کا خاص ذوق اور اس ذوق کی تکمیل کے لئے جن صفات و کمالات کی ضرورت ہے ان سے بہرہ وافر عطا فرمایا تھا۔ چنانچہ آپ عربی زبان و ادب کے محقق۔ کتب قدیمہ کے مبصر عالم تھے اور پورے قرآن اور اُس کے تفسیری ذخیرہ پر حاوی تھے۔ مرحوم کی تفسیر کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ نظم قرآن یعنی ایک آیت کا دوسری آیت کے ساتھ ربط اس کا بڑا اہتمام کرتے ہیں اسی اصول کی بناء پر پہلے سورۃ کا عمود یعنی اصل موضوع سخن بیان کرتے ہیں۔ پھر عربی زبان و لغت کی روشنی میں الفاظ کی تحقیق اور جملوں کی تاویل کرتے ہیں اس کے بعد آیت سے جو کوئی خاص مضمون پیدا ہوتا ہے اُس کا تذکرہ کرتے ہیں اور پھر اس آیت کا ماسبق سے ربط بتاتے ہیں۔ پوری سورت کی تفسیر آیت بآیت اسی طرح کرتے چلے جاتے ہیں تفسیر میں زیادہ اہتمام اسی کا ہوتا ہے کہ بعض قرآن کی تفسیر بعض سے ہو انھیں اصول پر موصوف نے ایک تفسیر لکھنی شروع کی تھی جو غالباً مکمل نہیں ہوئی۔ مندرجہ بالا پانچوں کتابیں اسی سلسلہ کی مختلف کڑیاں ہیں پہلی کتاب میں مولانا نے وہ اصول بیان کئے ہیں جو آپ نے اپنی تفسیر میں ملحوظ رکھے ہیں اس سلسلہ میں سولہ مقدمات قایم کئے ہیں جن میں تفسیر سے متعلق اہم مباحث مثلاً شانِ نزول۔ تفسیر کے خبری ماخذ۔ لسانی ماخذ۔ کتب قدیمہ۔ آیات کی



© rasailojaraid.com